

# مردم شماری 2010: لوگوں کا شمار کس طرح کیا جاتا ہے

United States Census 2010

مردم شماری. امریکہ

یہ ہمارے اختیار میں ہے۔

## جب آپ اپنا 2010 مردم شماری فارم ڈاک سے واپس بھیجتے ہیں تو آپ اپنے معاشرے کی مدد کرتے ہیں۔

2010 میں شمار کرواکر اپنے معاشرے میں فرق لائیں۔ مارچ میں جیسے ہی آپ کے میل باکس میں آپ کا 2010 مردم شماری فارم پہنچے اسے مکمل کرکے واپس بھیجیں۔

مزید جانکاری کے لئے ملاحظہ کریں

**2010census.gov**


2010 مردم شماری میں شرکت کرکے آپ اپنے معاشرے کے لئے انتہائی مطلوب چیزوں کو بہتر بنانے کے واسطے وفاقی فنڈ سے ہر سال $400 بلّین سے زیادہ کا اس کا حصہ حاصل کرنے میں اس کی مدد کرسکتے ہیں۔ آپ کے مردم شماری فارم سے اسکولوں، نگہداشت صحت وغیرہ کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ لہذا 2010 مردم شماری میں شمار کروائیں اور اپنے معاشرے کے مستقبل میں شامل ہونے میں مدد کریں۔



Issued November 2009
Form D-3288 (U)

## اگر آپ کے معاشرے میں درج ذیل ہو تو کیا وہاں زندگی زیادہ بہتر ہوگی:

- آپ کو اپنے بیمار یا عمر رسیدہ اہل خاندان کیلئے نئے ہسپتالوں اور سینئر سنٹرز، یا نگہداشت صحت کی بہتر خدمات تک رسائی حاصل ہو؟
- آپ کے بچے نئے یا بہتر اسکولوں یا نگہداشت اطفال کے مراکز میں تعلیم حاصل کرسکیں؟
- بہتر سڑکوں یا عوامی نقل و حمل کے توسیع شدہ ذرائع کے سبب، کام کیلئے آپ کا سفر محفوظ اور کم بھیڑ بھاڑ والا ہو؟
- آپ کو زیادہ بہتر حرفتی تربیت ملی ہو جس سے ملازمت کے بہتر مواقع حاصل ہوسکتے ہوں؟
- آپ کے مقامی بازار آپ کے معاشرے میں بہتر طور پر سامان اور خدمات فراہم کرسکیں؟



مردم شماری 2010 آپ کے معاشرے کو وفاقی فنڈز سے فی سال 400 بلین ڈالر کا منصفانہ حصہ حاصل کرنے میں مدد کرکے اسے بہتر بنانے میں اعانت کرسکتا ہے۔ مردم شماری کے ڈیٹا کی بنیاد پر ریاستی اور مقامی حکومتوں کو فنڈ تقسیم کیا جاتا ہے، اور اس کا استعمال ان اصلاحات کیلئے کیا جاسکتا ہے جس کی آپ کے معاشرے کو ضرورت ہے۔ اور، آپ اپنے مردم شماری 2010 کے فارم پر جو بھی معلومات فراہم کرتے ہیں وہ پوری طرح خفیہ اور قانون کے تحت دیگر تمام سرکاری ایجنسیوں سے محفوظ ہوتی ہے۔

**آپ کے معاشرے کا مستقبل، آپ کے کنبے کا مستقبل. آپ کا مستقبل.**

1970 سے امریکی حکومت ہر 10 سال پر مردم شماری کرواتی ہے۔ یہ کانگریس کو اس بات کی درست تصویر فراہم کرتی ہے کہ ہمارے ملک کی آبادی کہاں رہتی ہے، اور انہیں اس کے مطابق فنڈ اور خدمات تفویض کرنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ تاریخ میں اب تک کا مختصر ترین مردم شماری فارم ہے، اور اس کے 10 آسان سوالوں کو مکمل کرنے میں لگ بھگ 10 منٹ کا وقت لگتا ہے۔ مخصوص معاملات میں، یہ مقامی، ریاستی اور وفاقی حکومتوں کو، آبادی کی بنیاد پر، نئے نمائندہ ضلع قائم کرنے میں بھی رہنمائی فراہم کرسکتی ہے۔ اپنا مردم شماری 2010 کا فارم پُر کرنا آسان، ضروری اور محفوظ ہے۔ آپ کی شرکت انتہائی ضروری ہے۔

**مردم شماری 2010 میں شرکت کرکے، آپ اپنے اور اپنے لیے اہمیت کے حامل افراد کیلئے ایک بہتر مستقبل کی تعمیر میں مدد کرسکتے ہیں۔**

# ہمارا شمار

## کہاں پر ہونا چاہیے؟

مردم شماری 2010 کے لئے، زیادہ تر لوگوں کا شمار اسی رہائش گاہ میں ہونا چاہیے جہاں وہ بیشتر اوقات رہتے یا سوتے ہیں۔ تاہم، کچھ افراد یا گروپ کی اقامتی صورتحال مختلف ہوسکتی ہے۔ مردم شماری بیورو کا اقامتی اصول یہ تعیّن کرنے میں معاون ہے کہ ان افراد کا شمار کہاں پر ہونا چاہیے۔

### کالج کے طلباء

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| ریاستہائے متحدہ کے کالج میں حصول تعلیم کے وقت اپنے والدین یا سرپرستوں کے ساتھ رہ رہے ہیں | والدین کا گھر |
| ریاستہائے متحدہ کے کالج میں حصول تعلیم کے وقت والدین کے گھر سے الگ رہتےہیں | کیمپس میں یا کیمپس سے باہر کی رہائش گاہ |
| ریاستہائے متحدہ سے باہر کے کالج میں پڑھتے ہیں | مردم شماری میں شمار نہیں ہوتاہے |

### تمثیلی اقامت کی صورتحال

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| اپنے ہی گھر رہتے ہیں اور کہیں اور نہیں رہتے ہیں | ان کا گھر |
| چھٹی پر یا کاروباری دورے پر ہیں | ان کا گھر جہاں وہ بیشتر اوقات رہتے یا سوتے ہیں |
| کسی ایک مقام پر مستقل طور پر نہیں رہتے ہیں یا دربدری کا سامنا کر رہے ہیں | وہ رہائش گاہ جس میں وہ مردم شماری والے دن ٹھہرے ہوئے ہیں |

### ریاستہائے متحدہ میں غیر ملکی شہری

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| ریاستہائے متحدہ میں مقیم غیر ملکی شہری | وہ رہائش گاہ جہاں وہ بیشتر اوقات رہتے یا سوتے ہیں |
| چھٹی میں یا کاروباری دورے پر ریاستہائے متحدہ آنے والے غیر ملکی شہری | مردم شماری میں شمار نہیں ہوتا ہے |
| کالج میں حصول تعلیم کے لئے ریاستہائے متحدہ میں مقیم غیر ملکی شہری | کیمپس میں یا کیمپس سے باہر کی رہائش گاہ |

### ایسے مقامات پر رہنے والے افراد جہاں لوگوں کا گروپ رہتا ہے

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| ایسے مقامات جہاں لوگوں کا گروپ رہتا ہے جیسے جیل یا قیدخانے، اجتماعی گھر، خانگی تشدد کی پناہ گاہیں، اور دربدری کا سامنا کرنے والے افراد کے لئے ہنگامی یا عبوری پناہ گاہیں | گروپ کا جائے وقوع |

### گھومتے پھرتے رہنے والے افراد

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| اقامت کی صورتحال<br>ایک سے زیادہ مقام (جیسے چھٹی والے گھر) یا کسی عبوری مقام، جیسے تفریحی گاڑی [ریکریئشنل وہیکل (RV)] پارکوں، کیمپ گراؤنڈ، بحریہ، ریس ٹریک، سرکس یا کارنیوال میں رہتے ہیں | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے<br>اس رہائش گاہ میں جہاں وہ بیشتر اوقات رہتے یا سوتے ہیں<br><br>اگر وقت مساوی طور پر تقسیم ہوئی ہے تو، اس رہائش گاہ میں جس میں وہ مردم شماری والے دن ٹھہرے ہوئے ہیں |

### امریکی فوجی اہلکار

| اقامت کی صورتحال | ان کا شمار کہاں ہوتا ہے |
| --- | --- |
| ریاستہائے متحدہ میں واقع بیرکوں میں | بیرکوں میں |
| ریاستہائے متحدہ میں ہی اڈے میں یا اڈے سے باہر، لیکن بیرکوں میں نہیں | وہ رہائش گاہ جہاں وہ بیشتر اوقات رہتے یا سوتے ہیں |
| فوج میں ہیں اور دوسرے ملک میں رہے ہیں | گھر کے پتے کے لئے فوج کا ریکارڈ استعمال کرتے ہوئے شمار ہوتا ہے |

# 5 کلیدی اقدامات

## ملک کے ہر فرد کو شمار کیا جائے۔

خواہ آپ شہری ہوں یا غیر شہری، امریکہ میں رہنے والے سبھی افراد کا شمار مردم شماری 2010 میں ہونا لازمی ہے۔ یہاں ان پانچ اقدامات کو بیان کیا جارہا ہے جس پر مردم شماری بیورو اس بڑے کام کو انجام دینے کیلئے عمل کرے گا۔

1

**اقدام 1: مردم شماری جاری ہے۔** مردم شماری کے کارکنان اپریل اور جولائی 2009 کے درمیان گزشتہ مردم شماری کے پتوں اور نقشوں کی تازہ کاری کیلئے پورے ملک کا دورہ کریں گے۔ یہ کارروائی ضروری ہے کیونکہ ممکن ہے کہ جو عمارتیں پہلے رہی ہوں اب موجود نہ ہوں، یا معاشرے میں نئے مکانوں کی تعمیر ہوئی ہو جن کا اندراج ضروری ہے۔

2

**اقدام 2: مردم شماری 2010 کا فارم آچکا ہے۔** مارچ میں پورے ملک کے 130 ملین سے زیادہ پتوں پربذریعہ ڈاک، یا کبھی مردم شماری کے سرکاری کارکن کے ذریعہ مردم شماری کا فارم موصول ہوگا۔ گھرانوں کو مردم شماری 2010 کا فارم موصول ہونے پر اسے پُرکرکے واپس بھیجنا ہے۔

3

**اقدام 3: 1 اپریل، 2010 مردم شماری کا دن ہے۔** مردم شماری 2010 کے جواب میں آپ کے پتے پر رہنے والے ہرشخص کو شامل کیا جانا چاہیے – خواہ وہ یہاں کے شہری ہوں یا نہیں، اور ان کی عمر کتنی بھی ہو۔ قانونی طور پر، مردم شماری بیورو آپ کی ذاتی معلومات کا اشتراک کسی دیگر سرکاری ایجنسی یا نفاذ قانون کے بیورو کے ساتھ نہیں کرسکتا۔

4

**اقدام 4: فالو- اپ کیونکہ ہر شخص اہم ہے۔** ایسے پتوں پر مردم شماری کے سرکاری کارکن جائیں گے جو اپنا مردم شماری 2010 کا مکمل کردہ فارمز واپس نہیں بھیجتے ہیں۔ کارکن کی آمد اپریل کے آخر میں ہوگی اور جولائی تک جاری رہے گی۔ مردم شماری کے سرکاری کارکن کے پاس شناخت کیلئے مردم شماری کا بیج اور ایک تھیلا ہوگا۔

5

**اقدام 5: نتائج کا اعلان:** مردم شماری بیورو سبھی لوگوں کا شمار کرے گی اور 31 دسمبر، 2010 تک کل تعداد کی رپورٹ امریکہ کے صدر کو دے گی۔ اس تعداد میں کل آبادی کا شمار اور ہر ریاست کیلئے مقرر امریکی نمائندوں کی تعداد شامل ہوگی۔